سبق: 2

حضرت مخدوم الملک شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیریؒ

اللہ کے بہت سے نیک بندے گزرے ہیں جن کی عزت تمام مذاہب کے لوگ کرتے ہیں انہیں بزرگوں میں ایک حضرت شرف الدین یحییٰ منیریؒ ہیں۔ جن کی تعلیمات سے تمام مذاہب کے لوگ فیضیاب ہوتے رہے۔

حضرت شرف الدین یحییٰ منیریؒ 1263ء میں منیر شریف ضلع پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد محترم کا نام مخدوم کمال الدین یحیی منیری اور والدہ کا نام بی بی رضیہ تھا۔ آپ کی تعلیم والدین کے سایے میں ہوئی۔ ظاہری تعلیم حاصل کرنے کے بعد روحانی تعلیم حاصل کرنے کے لئے پیر کی تلاش میں نکلے۔ گھومتے پھرتے دلّی میں حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ پھر حضرت شیخ نجیب الدین فردوسی رحمۃ اللہ علیہ سے ملے اور انہیں سے مرید ہوئے۔

حضرت مخدوم فقیرانہ زندگی گذارتے اور نہایت سادہ کھانا کھاتے تھے۔ ان کی غذا سوکھی روٹی، سادہ چاول، بغیر گھی کے کھچڑی تھی، تہہ بند، مرزئی کرتا، چادر آپ کا لباس تھا۔ سر پر عمامہ باندھا کرتے تھے۔ عمر بھر آپ بھلائی اور بھائی چارگی کی تعلیم لوگوں کو دیتے

رہے۔ ساتھ ہی دلوں کو جوڑنے کا بھی کام کیا۔ دوسروں کی مشکلوں کو اپنے اوپر لے لیتے۔ ان کے مریدوں کی تعداد تقریباً ایک لاکھ تھی۔ ان کی ایک مشہور کتاب ہے جس کا نام "مکتوبات صدی" ہے۔ وہ ایک اچھے حکیم بھی تھے۔ بادشاہ فیروز تغلق ان کے یہاں علاج کے لئے آتے تھے۔

شیخ شرف الدین یحییٰ منیری کا وصال 1380ء میں 121 سال کی عمر میں بہار شریف میں ہوا ہر سال عید کی 5 تاریخ کو بڑے ہی دھوم دھام سے بہار شریف میں منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر چراغاں ہوتا ہے اور چادر پوشی کی جاتی ہے۔ ہزاروں ہزار کی تعداد میں عقیدت مند آستانے کی زیارت کرتے ہیں۔ یہ آستانہ آج بھی ہندو مسلم اتحاد کا مرکز ہے۔

پڑھیے اور سمجھیے

الفاظ	معانی
اِتحاد	بھائی چارہ، ایکتا
بزرگان	بزرگ کی جمع، بڑا
ظاہری	دکھائی دینے والا
پیر	اُستاد، بزرگ جس کے ہاتھ بیعت کرتے ہیں
مُرید	پیر کے ہاتھ پر بیعت کرنے والا
مستقل	ہمیشہ
امراء	دولت مند، امیر کی جمع
وصال	انتقال
زیارت	کسی بزرگ کے مزار پر حاضری دینا

S.S.A. 2013-14 (Free)

سمجھیے اور بتائیے۔

1- حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کہاں پیدا ہوئے؟
2- حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کیسی زندگی بسر کرتے تھے؟
3- حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کس سے مرید تھے؟
4- حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ عمر بھر کس بات کی تعلیم دیتے رہے۔؟
5- حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کا وصال کب ہوا؟

پانچ ایسے الفاظ لکھیے جس کے آخر میں "مند" ہو جیسے ضرورت+مند=ضرورت مند

عقل + ... = ...
دولت + ... = ...
صحت + ... = ...
درد + ... = ...
فائدے + ... = ...

خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے بھریئے

1۔ روحانی تعلیم حاصل کرنے کے لئے .... تلاش میں تھے۔
2۔ حضرت نجیب الدین فردوسی رحمتہ اللہ علیہ سے ملے اور ان سے .... ہوئے۔
3۔ فقیرانہ .... گذارتے۔
4۔ دوسروں کی .... کو اپنے اوپر لے لیتے۔
5۔ یہ آستانہ آج بھی ہندو مسلم .... کا مرکز ہے۔

جملوں میں استعمال کیجیے

مُرید اتحاد مشکلوں پیر زندگی

☆ شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کی طرح دوسرے بزرگ بھی گزرے ہیں ان کے بارے میں اپنے والدین اور آس پاس کے لوگوں سے معلومات حاصل کیجئے۔